نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لاہور میں گندم کی کٹائی سے متعلق ایک اہم مشاورتی اجلاس

رواں سال گندم کی 3 ملین ٹن خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 08اپریل2026 (   ) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لاہور میں گندم کی کٹائی سے متعلق ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبران صوبائی اسمبلی رانا محمد سلیم، چوہدری محمد جاوید اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔ اجلاس میں کاشتکار تنظیموں کے نمائندگان خالد محمود کھوکھر، چوہدری خالد باٹھ، سردار ظفر حسین خان، محمد آفاق ٹوانہ، چوہدری شوکت علی چدھڑ، منیر شاہین، رانا محمد افتخار، چوہدری مقصود احمد جٹ، جمیل نثار چوہدری، طاہر رزاق گجر، محمود الحق بخاری اور جمیل الرحمٰن بزدار سمیت ہارویسٹر مالکان اور سروس پرووائیڈرز کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی۔

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت اور سروس پرووائیڈرز کی باہمی مفاہمت سے ہر ضلع میں گندم کی کٹائی کی لاگت کا تخمینہ لگایا جا چکا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سروس پرووائیڈرز کاشتکاروں سے مقررہ تخمینہ سے زائد چارجز ہرگز وصول نہ کریں۔

انہوں نے مزید کہا کہ رواں سال گندم کی 3 ملین ٹن خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب میں گندم کی سرکاری خریداری کا آغاز 15 اپریل سے ہوگا اور تمام خریداری مراکز مکمل طور پر فعال اور کاشتکاروں کی سہولت کے لیے تیار ہوں گے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ابتدائی تخمینے کے مطابق رواں سال گندم کی بمپر پیداوار متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر کاشتکاروں کو گندم کی بروقت اور محفوظ کٹائی کے حوالے سے بھرپور رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی بہتر نگہداشت اور پیداوار کے تحفظ کے لیے تمام مراحل پر کاشتکاروں کو فنی معاونت کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔

☆☆☆☆